رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) (II) - 322 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I، کلاس 11th) پرچہ I

وقت: 20 منٹ (حصہ معروضی) **Code: 6023** مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1 - استعارہ کے ارکان کی تعداد ______ ہے۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

2 - اس شعر میں ردیف کیا ہے؟ ؎ اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا ...... رنج راحت فزا نہیں ہوتا
(A) اثر (B) نہیں ہوتا (C) ذرا (D) نہیں ہے

3 - "مطلع" کے لغوی معنی ______ ہیں۔
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) غروب ہونے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) لیٹنے کی جگہ

4 - "قافیہ" کی جمع ______ ہے۔
(A) قوافی (B) وقوف (C) قافیے (D) قاف

5 - "مقطع" کے لغوی معنی ______ ہیں۔
(A) کاٹنے کی جگہ (B) بانٹنے کی جگہ (C) شروع ہونے کی جگہ (D) نکلنے کی جگہ

6 - کمرے میں قائدِاعظمؒ ______ فوٹو موجود ہے۔
(A) کے (B) کی (C) کا (D) کیں

7 - ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ______ ۔
(A) رکھا (B) رکھی (C) رکھے (D) رکھیں

8 - صابن سے جسم کا میل اتر ______ ۔
(A) جاتا ہے (B) جاتی ہے (C) جاتے ہیں (D) چکی ہے

9 - اسے اُردو نہیں ______ ۔
(A) آتا (B) آتی (C) آتے (D) آتیں

10 - یہ ______ سبزی ہے۔
(A) تازی (B) تازے (C) تازہ (D) نئی

11 - لاہور کی مشہور ترین پیداوار ______ ہے۔
(A) سیاستدان (B) طالبِ علم (C) صنعت کار (D) ٹھگ

12 - موجودہ زمانے میں علم علاج کے ______ طریقے ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) چھے

13 - سرسیّد کھانے کے بعد ______ پیتے تھے۔
(A) چائے (B) دودھ (C) کافی (D) کچھ بھی نہیں

14 - قرطبہ کی شاہی لائبریری میں ______ کتابیں تھیں۔
(A) پانچ لاکھ (B) چار لاکھ (C) تین لاکھ (D) دو لاکھ سے زائد

15 - ایک چیز کو دوسری چیز جیسا کہنا ______ کہلاتا ہے۔
(A) تشبیہ (B) تلمیح (C) استعارہ (D) مشبہ

16 - اچھن کے باپ کی تنخواہ ______ روپے تھی۔
(A) دس (B) بیس (C) تیس (D) پچاس

17 - وہ مشترکہ صفت جو مستارلہ اور مستعارمنہ میں پائی جائے ______ کہلاتی ہے۔
(A) وجہ جامع (B) حرفِ تشبیہ (C) وجہ مشبہ (D) استعارہ

18 - "آتشِ نمرود" ادبی اصطلاح میں ______ ہے۔
(A) تلمیح (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) محاورہ

19 - یہ شعر کیا ہے؟ ؎ ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے ...... کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

20 - طرفینِ تشبیہ سے مراد ______ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ اور مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) مشبہ بہ